1. ان میں کونسی مثنوی نصرتی کی ہے؟

(A) پھول بن (B) پریت نامہ (C) علی نامہ (D) اژدرنامہ

2. ان میں کس ادیب کے جیل میں لکھے ہوئے خطوط کتابی شکل میں شائع ہوئے؟

(A) ڈاکٹر ذاکر حسین (B) حسرت موہانی (C) حبیب الرحمٰن خاں شیروانی (D) ابوالکلام آزاد

3. سرسید نے ''تہذیب الاخلاق'' کا تصور کن انگریزی اخباروں سے لیا؟

(A) گارجین (B) یوروپ کرانیکل (C) اسپیکٹیٹر اور ٹٹلر (D) ہکی گزٹ

4. ''زینت'' سعادت حسن منٹو کے کس مشہور افسانے کا کردار ہے؟

(A) ٹھنڈا گوشت (B) کالی شلوار (C) بابو گوپی ناتھ (D) ہتک

5. کس تحریک کے دوران اردو میں صنف ناول کا آغاز ہوا؟

(A) رومانی تحریک (B) علی گڑھ تحریک (C) ترقی پسند تحریک (D) جدیدیت

6. اچھے شعر کی خصوصیات کے بارے میں حالی کے خیالات کس سے ماخوذ ہیں؟

(A) ورڈسورتھ (B) میکالے (C) ملٹن (D) ٹی۔ایس۔ایلیٹ

7. ''غزل نیم وحشی صنف سخن ہے'' یہ قول کس نقاد کا ہے؟

(A) آل احمد سرور (B) احتشام حسین (C) کلیم الدین احمد (D) شبلی

8. فسانۂ عجائب میں طوطے نے شہزادے جان عالم سے کس کے حسن کی تعریف کی؟

(A) ماہ طلعت (B) انجمن آراء (C) ملکہ مہر نگار (D) ساحرہ

9. سرسید احمد خاں نے غازی پور میں سائنٹفک سوسائٹی کس سنہ میں قائم کی؟

(A) 1862ء (B) 1864ء (C) 1865ء (D) 1880ء

10. نظم ''مسجد قرطبہ'' اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

(A) بالِ جبریل (B) بانگ درا (C) ضرب کلیم (D) پیام مشرق

11. کس نثری صنف کو ''دماغ کی ترنگ'' کہا جاتا ہے؟

(A) خاکہ (B) رپورتاژ (C) انشائیہ (D) داستان

12. ''سیاہ حاشیے'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو (B) کرشن چندر (C) پریم چند (D) راجندر سنگھ بیدی

13. اردو کی ابتدائی نشو ونما میں کس نے اہم حصہ ادا کیا؟

(A) علماء (B) بادشاہوں (C) صوفیاء (D) شعراء

14. مرثیہ میں ''رجز'' کہاں آتا ہے؟

(A) سراپا کے بعد (B) جنگ کے بعد (C) چہرہ کے بعد (D) آمد کے بعد

15. پریم چند نے انجمن ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس کے خطبہ صدارت میں ادب کی کیا تعریف کی؟

(A) ادب کی بہترین تعریف نقد حیات ہے (B) ادب کی بہترین تعریف تفسیر حیات ہے

(C) ادب کی بہترین تعریف تعبیر حیات ہے (D) ادب کی بہترین تعریف نشاط حیات ہے

16. پراکرت کا پہلا ادبی روپ................ ہے؟

(A) مہاراشٹری (B) پالی (C) شورسینی (D) مگدھی

17. ان میں کونسا نقاد اپنے دلکش اسلوب کے لیے شہرت رکھتا ہے؟

(A) احتشام حسین (B) حالی (C) آل احمد سرور (D) شبلی

18. لکھنو کے دبستان شاعری کی بنیادی صفت کیا ہے؟

(A) داخلیت اور صنعتوں سے گریز (B) مضامین تصوف سے دلچسپی

(C) معاشرتی موضوعات پر اصرار (D) خارجیت اور آرائشی اظہار

19. ان میں کونسا مرثیہ گومیر انیس کا معاصر تھا؟

(A) مرزا رفیع سودا (B) میاں مسکین (C) مرزا دبیر (D) میر خلیق

20. ان میں سعادت حسن منٹو کا افسانہ کونسا ہے؟

(A) حمام میں (B) اوور کوٹ (C) بگولے (D) یزید

21. افسانوں کا مجموعہ ''دانہ ودام'' کا مصنف کون ہے؟

(A) منٹو (B) پریم چند (C) راجندر سنگھ بیدی (D) کرشن چندر

22. ان میں خواجہ احمد عباس کا افسانوں کا مجموعہ کونسا ہے؟

(A) زعفران کے پھول (B) آنچل (C) روشنی کی رفتار (D) کوکھ جلی

23. ''اکبری، اصغری کا قصہ'' نذیر احمد کے کس ناول میں ملتا ہے؟

(A) ایامی (B) توبتہ النصوح (C) ابن الوقت (D) مراۃ العروس

24. ان میں کونسا ناول رتن ناتھ سرشار کا نہیں ہے؟

(A) جام سرشار (B) فسانہ آزاد (C) کڑم دھڑم (D) حاجی بغلول

25. ''فیضو'' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) امراؤ جان ادا (B) شریف زادہ (C) پی کہاں (D) جلوۂ ایثار

26. کرشن چندر کا پہلا ناول کونسا ہے؟

(A) جب کھیت جاگے (B) ایک وائلن سمندر کے کنارے (C) ایک عورت ہزار دیوانے (D) شکست

27. اردو کا پہلا داستان نگار کون ہے؟

(A) میر امن (B) رجب علی بیگ سرور (C) ملا وجہی (D) عیسوی خاں بہادر

28. میر امن کا اصل نام کیا ہے؟

(A) میر حسن (B) میر امان (C) میر کاظم علی (D) میر شیر علی

29. ''پت جھڑ کی آواز'' کس ادیب کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

(A) عصمت چغتائی (B) قرۃ العین حیدر (C) کرشن چندر (D) خواجہ احمد عباس

30. ان میں سے کونسی بولی ''اُ'' کا لہجہ رکھتی ہے؟

(A) برج بھاشا (B) بندیلی (C) کھڑی (D) قنوجی

31. حالی کی کس کتاب کو شبلی نے ''مدلل مداحی'' سے تعبیر کیا؟

(A) یادگار غالب (B) حیات سعدی (C) حیات جاوید (D) مجالس النساء

32. ڈراما ''سلور کنگ'' کا مصنف کون ہے؟

(A) پروفیسر محمد حسن (B) آغا حشر کاشمیری (C) پروفیسر محمد مجیب (D) امتیاز علی تاج

33. تقابلی تنقید کا عمدہ نمونہ ہمیں کس کتاب میں ملتا ہے؟

(A) مقدمہ شعر و شاعری (B) ہماری شاعری (C) تنقید کیا ہے (D) موازنہ انیس و دبیر

34. کتاب ''نئے اور پرانے چراغ'' کس مصنف کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے؟

(A) آل احمد سرور (B) مجنوں گورکھپوری (C) احتشام حسین (D) حسن عسکری

35. حروف کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

36. دہلی میں سعد اللہ گلشن سے کس دکنی شاعر نے ملاقات کی؟

(A) ولی (B) وجہی (C) غواصی (D) ابن نشاطی

37. ان میں کونسا افسانوی مجموعہ پریم چند کا نہیں ہے؟

(A) سوز وطن (B) پریم پچیسی (C) آخری تحفہ (D) زندگی کے موڑ پر

38. ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یارب
ہم نے دشت امکاں کو اک نقش پا پایا

اس شعر کا خالق کون ہے؟

(A) مومن (B) غالب (C) میر (D) اقبال

39. غالب کا خطاب کیا تھا؟

(A) معین الدولہ (B) لطف الدولہ (C) نجم الدولہ (D) عمادالدولہ

40. قصیدہ کا وہ حصہ جس میں قصیدہ نگار بیان کردہ موضوع سے ہٹتا ہے کیا کہلاتا ہے؟

(A) مدعا (B) تشبیب (C) دعا (D) گریز

41. میرانیس کا اصل نام کیا ہے؟

(A) شبیرعلی (B) شیرعلی (C) ببرعلی (D) غلام علی

42. مخدوم محی الدین کے پہلے مجموعہ کلام کا نام کیا ہے؟

(A) بساط رقص (B) گل تر (C) آتش گل (D) سرخ سویرا

43. ''رباعی'' کس لفظ سے نکلا ہے؟

(A) اربع (B) مربع (C) ربع (D) اربعہ

44. ملاوجہی کس دربار سے وابستہ تھے؟

(A) قطب شاہی (B) عادل شاہی (C) بریدشاہی (D) عمادشاہی

45. ناول امراؤ جان ادا میں ''امراؤ جان'' کی پرورش کس نے کی؟

(A) خانم (B) بسم اللہ جان (C) خورشید (D) بوا حسینی

46. ڈرامے کا سب سے اہم جزو کونسا ہے؟

(A) پلاٹ (B) اسلوب (C) زماں ومکاں (D) مکالمے

47. پریم چند کا شاہ کار افسانہ کونسا ہے؟

(A) نمک کا داروغہ (B) پنچایت (C) کفن (D) دودھ کی قیمت

48. ''بے نظیر'' کس مشہور مثنوی کا کردار ہے؟

(A) سحرالبیان (B) گلزارنسیم (C) قطب مشتری (D) زہر عشق

49. فیض احمد فیض کے پہلے مجموعے کلام کا نام کیا ہے؟

(A) نقش فریادی (B) دست صبا (C) زنداں نامہ (D) دست تہہ سنگ

50. بہادرشاہ ظفر کس کے شاگرد تھے؟

(A) شیفتہ (B) مومن (C) شاہ نصیر (D) ذوق

51. ان میں کس شاعر کا ابتدائی تخلص ''شوکت'' تھا؟

(A) جگر (B) حسرت (C) فانی (D) ظفر

52. ساقی مے خانہ تیرا آباد رہے تو خوش رہے تری بزم دل شاد رہے
جانے کو تو خیر تشنہ جاتے ہیں رواں فانی ہے جہانِ آرزو یاد رہے

یہ رباعی کس شاعر کی ہے

(A) امجد (B) فانی (C) شاد (D) رواں

53. ان میں کونسا مجموعہ کلام جگر مرادآبادی کا نہیں ہے؟

(A) نغمۂ گل (B) داغ جگر (C) شعلہ طور (D) آتش گل

54. گل بکاولی کا قصہ کس مثنوی میں بیان ہوا ہے؟

(A) سحرالبیان (B) قطب مشتری (C) گلزارنسیم (D) زہرعشق

55. میں نے کام ختم کرلیا......اس جملے میں ''نے'' کیا ہے؟

(A) علامت فعل (B) علامت مفعول (C) علامت فاعل (D) ان میں سے کوئی نہیں

56. دل کا اجڑنا سہل سہی، بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں بستے بستے بستی ہے

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) فراق (B) فانی (C) جگر (D) حسرت

57. غالبؔ نے اپنی شاعری کے ابتدائی دور میں کس کی پیروی اختیار کی؟

(A) بیدل (B) نظیری (C) ظہوری (D) میرتقی میر

58. مومن کا ہم عصر شاعر کون ہے؟

(A) درد (B) ابن نشاطی (C) غالب (D) فانی

59. کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے رن ایک طرف چرخِ کہن کانپ رہا ہے
رستم کا جگر زیرِ کفن کانپ رہا ہے خود عرشِ خداوندزمن کانپ رہا ہے
شمشیر بکف دیکھ کے حیدر کے پسر کو
جبریل لرزتے ہیں سمیٹے ہوئے پر کو

مرثیہ کا یہ بند کس شاعر کا ہے؟

(A) مرزا دبیر (B) میرانیس (C) حالی (D) میر مونس

60. قصیدے کے لیے کیا ضروری ہے؟

(A) حقیقت پسندی (B) بلند تخیل اور شوکت الفاظ (C) ضلع جگت (D) نرم اور پرسوز طرز بیان

61. وہ لوگ جو کل آئے تھے آج چلے گئے......اس جملے میں ''جو'' ضمیر کی کونسی قسم ہے؟

(A) ضمیر شخصی (B) ضمیر موصولہ (C) ضمیر استفہام (D) ضمیر اشارہ

62. صاحبو! غور سے سنو......اس جملے میں ''صاحبو'' کس حالت میں ہے؟

(A) فاعلی (B) مفعولی (C) طوری (D) ندائی

63. لفظ ''دلیل'' کی جمع کیا ہے؟

(A) دلائل (B) دلیلاں (C) دلان (D) دلائلوں

64. ''شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں'' کس شاعر کی نظم ہے؟

(A) فیض (B) مجاز (C) مخدوم (D) جوش

65. ''آب حیات'' کا مصنف کون ہے؟

(A) خواجہ حسن نظامی (B) پطرس بخاری (C) مشتاق احمد یوسفی (D) محمد حسین آزاد

66. ''دیارِ دہلی'' اور ''برق کلیسا'' کس شاعر کی مشہور نظمیں ہیں؟

(A) چکبست (B) اکبرالہ آبادی (C) اقبال (D) حالی

67. زندگی کیا ہے عناصر میں ظہورِ ترتیب موت کیا ہے انہی اجزا کا پریشاں ہونا

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) اقبال (B) فانی (C) میر (D) چکبست

68. شعری مجموعہ ''شعلہ و شبنم'' کا مصنف کون ہے؟

(A) علامہ اقبال (B) جوش ملیح آبادی (C) مخدوم محی الدین (D) علی سردار جعفری

69. وہ کونسا ادیب ہے جس کی تحریروں میں علی گڑھ یونیورسٹی کے اثرات زیادہ نظر آتے ہیں؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) عبدالماجد دریابادی (C) کرشن چندر (D) مشتاق احمد یوسفی

70. لفظ ''صدا'' کے معنی کیا ہیں؟

(A) ہمیشہ (B) مسلسل (C) لگاتار (D) آواز

71. ''ایشیا جاگ اٹھا'' کا مصنف کون ہے؟

(A) علی سردار جعفری (B) فیض احمد فیض (C) مجاز (D) جوش

72. ماہرین لسانیات نے ہند آریائی زبانوں کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

73. ہند آریائی زبان کا پہلا نقش ہمیں کس کتاب میں ملتا ہے؟

(A) اتھروید (B) رگ وید (C) رامائن (D) سام وید

74. مشرقی ہندی کی خاص بولیاں کتنی ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

75. ذیل میں کس داستان میں بندر کو تقریر کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے؟

(A) قصۂ مہر افروز ودلبر (B) عجائب القصص (C) فسانۂ عجائب (D) فسانۂ آزاد

76. سبک ہو چلی تھی ترازوے شعر مگر میں نے پلّا گراں کر دیا

یہ دعویٰ کس شاعر نے کیا تھا؟

(A) میر انیس (B) مرزا دبیر (C) ذوق (D) غالب

77. یہ شعر کس کا ہے؟

تم آئے ہو نہ شبِ انتظار گزری ہے تلاش میں ہے سحر بار بار گزری ہے

(A) فراق گورکھپوری (B) مخدوم محی الدین (C) فیض احمد فیض (D) ساحر لدھیانوی

78. لفظ ''فگار'' کے معنی کیا ہیں؟

(A) زخمی (B) ساز (C) سوراخ (D) چونچ

79. ''ناول'' کا لفظ اردو میں کس زبان سے آیا؟

(A) لاطینی (B) فارسی (C) روسی (D) انگریزی

80. ''مطلع'' کسے کہتے ہیں؟

(A) غزل کا سب سے اچھا شعر (B) غزل کا پہلا شعر

(C) جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے (D) غزل کا درمیانی شعر

81. مثنوی ''شہر سورت'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) وجہی (B) احمد گجراتی (C) ولی (D) عزلت

82. ان میں کس بولی کا تعلق مشرقی ہندی سے ہے؟

(A) لہندا (B) بندیلی (C) میتھلی (D) اودھی

83. ''شبیر'' کس شاعر کا ابتدائی تخلص تھا؟

(A) مجاز (B) ساحرلدھیانوی (C) جوش ملیح آبادی (D) حسرت موہانی

84. ان میں کس زمرے کا تعلق شاعری سے ہے؟

(A) صبح زندگی۔حسن کا ڈاکو۔ایامی۔شب زندگی

(B) پی کہاں۔ستاروں سے آگے۔دوزخی۔ماہ عجم

(C) آسماں روشن ہے۔دھواں۔طلسم خیال۔گرہن

(D) زنداں نامہ۔خون کی لکیر۔پرچھائیاں۔سیف وسبو

85. غدر کے بعد انحطاط سے گزرنے والی کونسی صنف تھی؟

(A) مثنوی (B) غزل (C) مرثیہ (D) نظم آزاد

86. ناول ''آگ کا دریا'' کا آغاز کس شاعر کی نظم سے ہوتا ہے؟

(A) فیض (B) ٹی۔ایس۔ایلیٹ (C) ورڈزورتھ (D) کیٹس

87. حالی کی نزدیک کونسی صنف سخن سب سے مفیداور کارآمد ہے؟

(A) غزل (B) قصیدہ (C) مرثیہ (D) مثنوی

88. خاکہ نگاری کی امتیازی خصوصیت کیا ہے؟

(A) سوانحی معلومات (B) کارناموں کا بیان (C) شخصیت کا احاطہ (D) زندگی کا احاطہ

89. مثنوی کا لفظ کس سے بنا ہے؟

(A) مثنی (B) ثنا (C) ثانوی (D) ثانی

90. سرسید کی وہ کونسی کتاب ہے جس میں دہلی کی قدیم عمارتوں کی تفصیل بیان کی گئی ہے؟

(A) خطبات احمدیہ (B) رسالہ اسباب بغاوت ہند (C) آثارالصنادید (D) تاریخ سرکشی بجنور

91. نظم ''بنجارہ نامہ'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) نظیر اکبرآبادی (B) حالی (C) جوش (D) اقبال

92. ''البلاغ'' کس نے جاری کیا تھا؟

(A) ابوالکلام آزاد (B) محمد علی جوہر (C) سلیمان ندوی (D) سرسید

93. ''حزین'' کس شاعر کا ابتدائی تخلص تھا؟

(A) مرزا دبیر (B) فانی (C) میرانیس (D) ذوق

94. ان میں کونسی مثنوی نصرتی کی نہیں ہے؟

(A) گلشن عشق (B) جنگ نامہ (C) تاریخ اسکندری (D) علی نامہ

95. نظم ''چاند تاروں کا بن'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) فیض (B) مخدوم (C) جوش (D) حالی

96. ان میں شیر علی افسوس کی کتاب کونسی ہے؟

(A) آرائش محفل (B) توتا کہانی (C) باغ اردو (D) مذہب عشق

97. انشائیہ ''کتے'' کا خالق کون ہے؟

(A) خواجہ حسن نظامی (B) پطرس بخاری (C) کنہیالال کپور (D) مشتاق یوسفی

98. خاکوں کا مجموعہ ''گنج ہائے گراں مایہ'' کا مصنف کون ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) مولوی عبدالحق (C) خواجہ احمد فاروقی (D) مرزا فرحت اللہ بیگ

99. ''رجز'' کا تعلق کس صنف سخن سے ہے؟

(A) قصیدہ (B) مثنوی (C) مرثیہ (D) شہر آشوب

100. آپ..................دوست ابھی تک نہیں آیا

(A) کے (B) کی (C) کا (D) کو

101. ''سنگھاسن بتیسی'' کا مصنف کون ہے؟

(A) مرزا علی لطف (B) للولال جی (C) میر بہادر علی (D) نہال چند لاہوری

102. ''سندھ'' سے اردو زبان کے آغاز کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا

(A) محمود شیرانی (B) نصیر الدین ہاشمی (C) سید سلیمان ندوی (D) محمد حسین آزاد

103. ''خدائے سخن'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

(A) میر تقی میر (B) مرزا غالب (C) داغ دہلوی (D) ولی

104. ''میر امن کو اردو نثر میں وہی مرتبہ حاصل ہے جو میر تقی میر کو شاعری میں حاصل ہے''۔ یہ قول کس کا ہے؟

(A) سرسید (B) محمد حسین آزاد (C) آل احمد سرور (D) کلیم الدین احمد

105. ''ادب اور سماج'' کا مصنف کون ہے؟

(A) احتشام حسین (B) آل احمد سرور (C) کلیم الدین احمد (D) شبلی نعمانی

106. انشائیہ ''جھینگر کا جنازہ'' کا مصنف کون ہے؟

(A) پطرس بخاری (B) کنہیالال کپور (C) مشتاق یوسفی (D) خواجہ حسن نظامی

107. مولوی عبدالحق کی کتاب ''چند ہم عصر'' کا تعلق ادب کی کس صنف سے ہے؟

(A) انشائیہ (B) ڈراما (C) خاکہ (D) رپورتاژ

108. اے رحمتِ تمام! مری ہر خطا معاف
میں انتہائے شوق میں گھبرا کے پی گیا

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) ظفر (B) جگر (C) فانی (D) فراق

109. اردو کی پہلی معلوم مثنوی کون سی ہے؟

(A) نوسرہار (B) کدم راؤ پدم راؤ (C) خوش نامہ (D) دستور عشاق

110. فورٹ ولیم کالج کے قیام کا مقصد کیا تھا؟

(A) اردو ادب کا فروغ (B) داستانوں کی اشاعت

(C) نو وارد انگریزی افسروں کو اردو زبان سے واقف کرانا (D) ہندوستانیوں کو مغربی علوم سے واقف کرانا

111. ان میں مغربی ہندی کی بولی کونسی ہے؟

(A) پراکرت (B) کھڑی بولی (C) پالی (D) ہندا

112. اردو شاعری کا باوا آدم کسے کہا گیا ہے؟

(A) میر تقی میر (B) محمد قلی قطب شاہ (C) وجہی (D) ولی

113. ''موافق حکم حضور کے میں نے بھی اسی محاورے میں لکھنا شروع کیا جیسے کوئی باتیں کرتا ہے۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) مرزا غالب (B) میر امن (C) رجب علی بیگ سرور (D) میر حسن

114. دکنی اردو میں رزمیہ مثنویاں کس نے لکھیں؟

(A) وجہی (B) جنیدی (C) نصرتی (D) غواصی

115. رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کا اجراء کس سنہ میں عمل میں آیا؟

(A) 1865ء (B) 1867ء (C) 1869ء (D) 1870ء

116. قصیدہ کے زوال کا خاص سبب کیا ہے؟

(A) علم و ادب کی ناقدری (B) مغربی تہذیب کا اثر
(C) سماجی بیداری (D) درباری اور شخصی حکمرانی کا خاتمہ

117. اردو زبان کا تعلق زبانوں کے کس خاندان سے ہے؟

(A) دراوڑی (B) ہند آریائی (C) سامی (D) ہند ایرانی

118. وہ کونسا اخبار تھا جس میں ''فسانۂ آزاد'' قسط وار شائع ہوتا تھا؟

(A) اودھ اخبار (B) اردو اخبار (C) پیسہ اخبار (D) زمیندار

119. ''زرگزشت'' کا مصنف کون ہے؟

(A) ابن انشا (B) مشتاق یوسفی (C) خواجہ حسن نظامی (D) کنہیالال کپور

120. مرزا غالب کو کس الزام میں جیل جانا پڑا؟

(A) دھوکہ دہی (B) قمار بازی (C) بغاوت (D) مے نوشی

**Space for rough work**